کے-الیکٹرک نے سالانہ ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی مینٹیننس کے لیے شیڈول جاری کردیا

کراچی، 18 دسمبر 2024: کے-الیکٹرک نے ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی سالانہ مینٹیننس کے لیے عارضی پاور شٹ ڈاؤن شیڈول جاری کر دیا ہے۔ یہ شٹ ڈاؤن سردیوں کے مہینوں میں منصوبہ بندی کے تحت کیے جا رہے ہیں تاکہ بڑے پیمانے پر بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے والے ہائی وولٹیج آلات کی کارکردگی کو برقرار رکھا جا سکے۔

کے-الیکٹرک ہر ممکن کوشش کرے گا کہ بجلی کی فراہمی متبادل ذرائع سے جاری رکھی جائے، لیکن صارفین کو عارضی طور پر بجلی کی فراہمی میں تعطل کا سامنا ہو سکتا ہے۔ تاہم، ایسے تعطل کو لوڈشیڈنگ سے تشبیہ نہ دی جائے۔

دسمبر میں مینٹیننس شٹ ڈاؤن مخصوص گرڈز اور ہائی وولٹیج ٹرانسمیشن لائنز پر کیئے جائینگے۔ شیڈول کے مطابق 21 دسمبر کو نارتھ کراچی گرڈ، اور 29 دسمبر کو کے ای پی زیڈ گرڈ شامل ہیں۔

کے-الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز صارفین کی رہنمائی کے لیے 7/24 دستیاب رہیں گے، جبکہ کے ای لائیو ایپ، کے ای واٹس ایپ سیلف سروس پورٹل، اور کال سینٹر 118 بھی قابل رسائی ہوں گے۔

کے۔ الیکٹرک کے بارے میں

کے۔ الیکٹرک (KE)ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام 1913ء میں عمل میں آیا اور قیام پاکستان کے بعد کے ای ایس سی (KESC) کے نام سے اس کی پاکستان میں شمولیت ہوئی۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط پاور یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد اکثریتی حصص (شیئرز) کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں، جو سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) کویت اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کمپنی میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد شیئرز ہیں۔بقیہ حصص فری فلوٹ شیئرز کے طور پر درج ہیں۔